'میں جس کا مولیٰ ہوں علیؑ اس کے مولیٰ ہیں'، غدیرخم پر رسولؐ اللہ کا خطبہ

اسلامک ہسٹری ریسرچ کونسل انڈیا تاریخ اسلام اجلاس۔ پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی کا لکچر

حیدرآباد، 23/جون۔(پریس نوٹ) حجۃ الوداع سے فارغ ہونے کے بعد رسولؐ اللہ اپنے جملہ جاں نثاروں کے ہمراہ مدینہ طیبہ کی طرف عازم سفر ہوئے اور جب یہ نورانی کارواں غدیرخم کے مقام پر پہنچا تو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب کو یہاں ٹھہرنے کا حکم دیا۔ غدیرخم وہ اہم مرکزی جگہ تھی جہاں سے جزیرہ عرب کے تمام اطراف وجوانب راستے جاتے تھے۔ ایک روایت کے بموجب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آگے چلے جانے والے قافلوں کو رکنے اور پیچھے رہ جانے والے قافلوں کیلئے انتظار کا حکم دیا۔ ذی الحجہ کا مہینہ تھا، اٹھارہ تاریخ تھی۔ رسولؐ اللہ کیلئے اونٹوں کے پالانوں سے ایک ممبر تیار کیا گیا۔ ممبر شریف پر چڑھ کر رسولؐ اللہ نے ایک عظیم الشان خطبہ ارشاد فرمایا جس میں سیدنا علی المرتضیٰؑ کے فضل وکمال، امانت ودیانت، عدل و انصاف کے بارے میں اپنی زبان حقیقت بیان سے شہادت دی۔ خطبہ غدیرخم کو مختلف انداز میں 90 صحابہ کرام نے روایت کی ہے۔ ان حقائق کا اظہار پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی جانشین شہزادۂ امام علی موسیٰ رضاؑ ڈاکٹر سید محمد حمید الدین شرفیؒ نے آج صبح 10 بجے ''ایوان تاج العرفاء حمید آباد' واقع شرفی چمن، سبزی منڈی قدیم اور 12 بجے دن جامع مسجد محبوب شاہی مالاکنٹہ روڈ روبرو معظم جاہی مارکٹ میں اسلامک ہسٹری ریسرچ کونسل انڈیا (آئی ہرک) کے زیراہتمام منعقدہ '1583' ویں تاریخ اسلام اجلاس میں واقعات غدیرخم پر لکچر میں کیا۔ پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی نے انگلش لکچر سیریز کے ضمن میں خطبہ غدیرخم کے مقدس موضوع پر اپنا '1307' واں سلسلہ وار لکچر دیا۔ پروفیسر سید محمد حسیب الدین حمیدی نے بتایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خطبہ میں بعد حمد وثناء کے ارشاد فرمایا کہ ''اے لوگو! ممکن ہے کہ اللہ کا فرشتہ جلد آجائے اور مجھے قبول کرنا پڑے۔ میں تمہارے درمیان دو بھاری چیزیں چھوڑتا ہوں ایک اللہ کی کتاب جس کے اندر ہدایت اور روشنی ہے۔ اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑو۔ دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں، میں اپنے اہل بیت کے بارے میں تمہیں اللہ کو یاد دلاتا ہوں'۔ آخری جملہ کو حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین دفعہ مکرر فرمایا۔ اور روایتوں میں ایک فقرہ اکثر مشترک ہے ''جس کو میں محبوب ہوں علیؑ بھی اس کو محبوب ہونا چاہیئے، الٰہی! جو علیؑ سے محبت رکھے اس سے تو محبت رکھ اور جو علیؑ سے عداوت رکھے اس سے تو بھی عداوت رکھ''۔ رسولؐ اللہ نے تین دفعہ لوگوں سے یہ سوال فرمایا کہ'' کیا میں تم لوگوں کے درمیان سب سے زیادہ اولیٰ اور بہتر نہیں ہوں''؟۔ تینوں مرتبہ صحابہ کرام نے جواب میں اس بات کی تصدیق کی اور اس کا اعتراف کیا۔ تو ممبر شریف پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علیؑ کا ہاتھ بلند کرکے ارشاد فرمایا'' میں جس کا مولیٰ اور آقا ہوں، علیؑ بھی اس کے مولیٰ اور آقا ہے۔ اے اللہ جو اس (حضرت علیؑ) کا مددگار ہو تو بھی اس کا مددگار رہو جا اور جو اس (حضرت علیؑ) سے دشمنی رکھے تو بھی اس سے دشمنی رکھیو۔ جو اس کی مدد کرے تو بھی اس کی مدد فرما، جو اس کی اعانت کرے تو بھی اس کی اعانت فرما، جو بھی اس کو رسواء کرے تو تو بھی اس کو رسواء فرما اور وہ جہاں بھی ہو حق اور صداقت کو اس کا ساتھ بنادے''۔ علاوہ ازیں صاجزادہ سید محمد علی موسیٰ رضا حسینی حمیدی، صاحبزادہ سید محمد علی باقر حسینی حمیدی اور صاحبزادہ سید محمد علی موسیٰ کاظم حسینی حمیدی نے بھی غدیرخم پر شرف تخاطب حاصل کیا۔ اجلاس کے اختتام سے قبل بارگاہ رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں سلام حضرت تاج العرفاءؒ پیش کیا گیا۔ ذکر جہری اور دعاے سلامتی پر آئی ہرک کا'' 1583 '' واں تاریخ اسلام اجلاس تکمیل پذیر ہوا۔ الحاج محمد یوسف حمیدی نے آخر میں شکریہ ادا کیا۔

مسلمان، کل یوم محبت وعقیدت کے طور پر منائیں

مولانا محمد زعیم الدین حسامی کی عامتہ المسلمین اپیل

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) معتمد سراج العلماء اکیڈمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی نے عامتہ المسلمین سے اپیل کی ہیکہ 18 ذی الحجہ خلیفہ سوم داماد رسولؐ سیدنا عثمان غنیؓ کی شہادت کا دن ہے اور اسی تاریخ کو خلیفہ چہارم داماد رسولؐ سیدنا علی المرتضیٰؓ کی اعلان ولایت کا دن بھی ہے۔ لہذا اتمام عاشقان صحابہؓ واہل بیتؓ سے اپیل کی جاتی ہے کہ اس دن کو یوم محبت و عقیدت کے طور پر سیرت کے جلسے اور منقبتی مشاعرہ منعقد کرتے ہوئے اپنی محبت اور غلامی کا ثبوت دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہیکہ میرے صحابہؓ ستاروں کے مانند ہیں تم اُن میں سے جس کسی کی اقتدا کروگے راہ ہدایت پاؤ گے اور ارشاد فرمایا میرے اہل بیتؓ کی مثال کشتی نوحؑ کے مانند ہے جو اس میں سوار ہوا وہ نجات پا گیا اور جو رہ گیا وہ غرق ہوگیا۔

چیف منسٹر، ریاستی کابینہ میں جلد توسیع کرتے ہوئے

مسلمانوں کو بھرپور نمائندگی دینے مہر آرگنائزیشن کا مطالبہ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) صدر مہر آرگنائزیشن جناب حسام الدین صدیقی نے چیف منسٹر سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ جلد اپنی کابینہ میں توسیع کرتے ہوئے۔ مسلمانوں کو بھرپور نمائندگی دیں اور یہ افسوس کی بات ہے کہ کانگریس حکومت قائم ہوکر عرصہ ہوگیا ہے لیکن ابھی تک مسلمانوں کو کابینہ میں نمائندگی نہیں دی گئی ہے جب کہ کانگریس کو برسراقتدار لانے مسلمانوں نے بہت بڑا رول ادا کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کابینہ میں مسلمانوں کی نمائندگی نہ ہونے سے مسلمانوں کے مسائل جوں کا توں برقرار ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ نامزد عہدوں پر بھی مسلمانوں کو خاطر خواہ نمائندگی دی جائے۔ گورنر کوٹہ کے لئے کابینہ کی سفارش کردہ ایم ایل سی کیلئے جناب عامر خان اور پروفیسر کودنڈ ارام کو گورنر سے فوری نامزد کرائیں۔

آج سے مدرسہ اسلامیہ شوکت العلوم میں دوبارہ تعلیم کا آغاز

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مولانا حافظ وقاری حکیم سید فراست علی قادری (ناظم مدرسہ ہذا) کی اطلاع کے بموجب عیدالاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد مدرسہ اسلامیہ شوکت العلوم واقع مولانا آزاد نگر، عیدی بازار میں آج سے دوبارہ تعلیم کا آغاز ہوگا، سرپرست حضرات کو تاکید کی جاتی ہے کہ وقت مقررہ پر طلباء وطالبات کو پابندی کیساتھ مدرسہ روانہ فرمائیں۔ اسی کیساتھ جدید داخلوں کا بھی سلسلہ جاری ہے۔ خواہشمند 7013917427 پر رابطہ کریں۔

میدک فساد میں پولیس کا رول اور مسلمانوں کی گرفتاریوں کی مذمت

حکومت، فرقہ پرستوں سے چوکس رہیں۔ مسلم متحدہ محاذ کا مشاورتی اجلاس، قرارداد منظور

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) ریاست تلنگانہ کے مسلمانوں کی ملی، دینی، تعلیمی، معاشی مسائل کے حل کیلئے مختلف دینی وملی جماعتوں اور سماجی جہدکاروں پر مشتمل مسلم متحدہ محاذ تلنگانہ کا قیام عمل میں لانے مشاورت وقرارداد منظور کی گئی۔ تحریک مسلم شبان کے صدر دفتر پر جناب محمد مشتاق ملک صدر تحریک مسلم شبان وشرعی فیصلہ بورڈ کی دعوت پر مختلف جماعتوں، سماجی جہدکار، وکلاء، شعبہ تعلیم، شعبہ صحت سے وابستہ ذمہ داروں کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ملک کے موجود حالات اور ریاست تلنگانہ میں بی جے پی کے بڑھتے ہوئے اثر پر غور کیا گیا۔ تمام شرکاء نے اس بات سے مکمل اتفاق کیا کہ مسلم متحدہ محاذ تلنگانہ مکمل غیر سیاسی فورم ہوگا۔ کسی بھی سیاسی جماعت کی انتخابات کے موقع پر تائید نہیں کریگا۔ یہ مسلمانوں کا متحدہ اور مستحکم فورم ہوگا جو صرف ملت کی ترقی اور فلاح وبہبود کیلئے اضلاع اور حیدرآباد میں جدوجہد کرے گا۔ جناب محمد مشتاق ملک نے واضح کیا کہ ضلعی سطح پر پہلے کمیٹیاں قائم کی جائیں گی پھر تمام اضلاع کے ذمہ داروں حیدرآباد میں مرکزی کمیٹی کو منتخب کریں گے۔ یہ فورم خود ساختہ نہیں ہوگا۔ فرقہ پرستی سے مقابلہ مسلمانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کے ساتھ تمام شرکاء اجلاس نے طئے کیا کہ مرکزی سطح پر اور اضلاع کی سطح پر وکلاء کی کمیٹیاں بنائی جائے گی۔ اجلاس میں موجود وکلاء نے اس کام کے لئے اپنی خدمات پیش کی۔ اسی طرح بیروزگار نوجوانوں کے روزگار پر بھرپور توجہ دی جائیگی۔ اس ضمن میں بھی مرکزی کمیٹی اور اضلاع کی سطح پر کمیٹیاں بنائی جائیں گی۔ اسکل ٹریننگ جو ریاستی اور مرکزی حکومتوں کی جانب سے دی جاتی ہیں اس پر کام کیا جائیگا۔ نوجوانوں کی رہبری کی جائیگی۔ شہر حیدرآباد اور اضلاع کی سطح پر میلہ منعقد کئے جائیں گے۔ مختلف کمپنیوں سے رابطہ پیدا کیا جائے گا۔ مفتی اور ائمہ حضرات نے اس اجلاس میں تجویز پیش کی کہ مساجد کے نظام کو اتحاد کے دائرہ میں لایا جائے اور آئمہ خطیب حضرات کی خدمات قتل وغارت گری، نشہ کی لعنت، اور اصلاح معاشرہ جیسے کاموں پر لی جائے۔ اجلاس میں اس تجویز کو بھی قبول کیا۔ جلد از جلد اضلاع کے دورے اور ان خطوط پر متحدہ جدوجہد کیلئے کمیٹیوں کے قیام کا پروگرام طئے کیا گیا۔ مسلم متحدہ محاذ تلنگانہ مسلمانان تلنگانہ کے اتحاد کے مظہر کے ساتھ تعمیر جدوجہد کا انشاء اللہ ایک مضبوط مرکز ہوگا۔ ملک کے موجودہ حالات میں مسلمانوں کو ریاستی سطح پر متحد اور منظم ہونے کی ضرورت ہے۔ سیاسی جماعتوں میں مسلمانوں نظرانداز کرنے پر بھی تشویش کا اظہار کیا گیا۔ میدک کے فساد میں پولیس کے رول اور مسلمانوں کی گرفتاریوں کی سخت مذمت کی گئی اور حکومت فرقہ پرستوں سے چوکس رہنے کا مشورہ دیا گیا۔ اجلاس میں جناب محمد مشتاق ملک، جناب شکیل ایڈوکیٹ مسلم لیگ، ڈاکٹر توفیق احمد وحدت اسلامی، جناب مجاہد ہاشمی مجلس عمل، جناب الیاس شمسی، جناب ارشد حسین، سماجی جہدکار جناب محمد رحیم اللہ نیازی، سابقہ صدر اردو اکیڈیمی، جناب ذاکر حسین ایڈوکیٹ، جناب ظہور احمد سکندرآباد بنک، جناب عبدالقدیر سماجی جہدکار، جناب ایم اے غفار نائب صدر شبان، حافظ وقاری خالد علی خاں، جناب مشتاق مجاہد شہری کمیٹی شبان، جناب عبدالرحمٰن ایڈوکیٹ سکندرآباد، جناب محسن ایڈوکیٹ حشمت پیٹ، جناب محمد احمد صنعت نگر شبان، جناب عارف قادری، جناب سید سمیع سماجی جہدکار پیپلز فاونڈیشن، جناب سید عبدالمنان سی پی آئی، جناب وسیم احمد، سید عبدالرؤف عثمان نگر سماجی جہدکار، سید ظہور الدین ایڈوکیٹ، جناب اسماعیل خان، جناب میر حامد علی انجینئر، جناب فیصل احمد، محمد اظہر ودیگر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز ڈاکٹر توفیق احمد کی قرات وتفسیر قرآن سے ہوا۔ جناب مجاہد مشتاق نے شکریہ ادا کیا۔

شہر میں قتل کی وارداتوں، محمد علی صدر تنظیم آواز کا اظہار افسوس

نشلی چیزوں پر فوراً کنٹرول کرنے حکومت سے تنظیم کا مطالبہ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) محمد علی صدر تنظیم آواز نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ شہر حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں جرائم عروج پر ہے قتل کی وارداتیں معمول بن چکے ہیں کسی بھی انسان قتل سے اس کی فیملی میں کیا اثر ہوتا ہے۔ اس کا اندازہ نہیں ہے۔ برے ماحول سے اچھے لوگوں پر بھی اثر پڑتا ہے۔ پولیس کا عملہ جتنا ہوسکتا ہے اپنی فرض شناسی سے کام کرتے ہیں ایسے میں ہماری بھی ذمہ داری ہے کہ پرامن ماحول رکھنے کیلئے نہ صرف پولیس سے تعاون کریں۔ بلکہ مختلف علاقوں میں جلسہ منعقد کرتے ہوئے عوام میں شعور بیدار کریں۔ جو بری عادتوں میں ملوث ہیں ان کو زندگی سنوارنے کا موقع ملے۔ محمد علی نے علماء سے گذارش کی ہے کہ مساجد میں اپنے بیانوں کے ذریعہ انسانیت کا درس دیں جو کہ محسن انسانیتؐ کی تعلیمات کی روشنی میں غیر سماجی عناصر کی زندگی سدھر جائے۔ اسلئے محمد علی صدر تنظیم آواز نے دھرنا منظم کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نشلی چیزوں کو عام ہونے پر پابندی لگائیں۔ قتل کی وارداتوں کو انجام دینے والوں کو سخت سے سخت سزاء دیں تاکہ شہری ماحول پرسکون رہے۔ دھرنا مہدی پٹنم چوراہے پر محمد علی کی صدارت میں منعقد ہوا، سائرہ بیگم، زہرہ بی، ابراہیم، مظہر، نصیر کے علاوہ سینکڑوں کارکنوں نے حصہ لیا۔

مساجد میں بچوں کیلئے صباحیہ مسائیہ تعلیم کا نظم کرنے کی اپیل

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مولانا قاری محمد عبدالمقتدر ناظم ومہتمم مدرسہ تعلیم القرآن کنچن باغ مدھانی نے ذمہ داران مساجد سے اپیل کی ہے کہ خوش الحان جو مخلص متشرع موذن امام تقرر کریں جو اپنی محلّہ کے لڑکوں اور لڑکیوں کی اسلامی تعلیم وتربیت کیساتھ صباحیہ اور مسائیہ تعلیم کا منتظم اور مضبوط انتظام چلایا جائے۔ محلّہ کے معتبر ذی اثر حضرات اس نظام میں خدام دین کا پورا تعاون کریں۔ ذمہ داران مساجد اپنی نگرانی میں محلّہ میں تجوید قرآن پڑھانے کیلئے نظام چلایا جائے تاکہ خواتین میں دینی شعور اسلامی مزاج آئے۔ آئمہ کرام کسی نماز مثلاً مغرب تا عشاء اپنی مسجد میں بیٹھنے کو ضروری سمجھیں۔ نماز ضروری مسائل اور مصلیان کرام کی خیریت اور حالات کا جائزہ لیں۔ آئمہ کرام فرض نمازوں میں مسنون سورتوں کو پڑھنے کی عادت ڈالیں، عجلت سے کام نہ لیں۔ مسنون طریقہ پر نماز پڑھائیں۔ خلاف سنت نماز پڑھانے سے نماز کے کمال اور ثواب میں کمی ہو جائیگی۔ ذمہ داران مساجد موذن امام صاحب کیلئے ان کی ضروریات اور موجودہ مہنگائی کا خیال رکھتے ہوئے مناسب تنخواہ طئے کریں۔ کم ازکم 12 تا 15 ہزار روپئے تجویز کریں تو بہتر ہے تاکہ یہ خدام دین یکسوئی کے ساتھ مسجد کے مفوضہ خدمات میں مصروف رہیں۔ گرانی مہنگائی کی وجہ سے درپیش پریشانیوں سے محفوظ رہے۔ مولانا محمد عبدالمقتدر نے تمام ذمہ داران مساجد سے اپیل کی ہے کہ معاشرہ میں بے دینی، بے حیائی والے سیلاب سے نمٹنے کیلئے سب سے پہلے مساجد کے نظام کو مستحکم بہتر بنانے کی ضورت ہے۔ تفصیلات: 9849215715 پر ربط کریں۔

مسجد عمر شاہ فلک نما کی مالی اعانت کی اپیل

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مسجد عمر شاہ عادل شاہ کالونی فلک نما منڈل راجندر نگر کی انتظامی کمیٹی نے اہل خیر حضرات سے مسجد کے تعمیری کاموں میں تعاون کی اپیل کی ہے۔ جناب محمد عامر علی نائب صدر کے مطابق مسجد کے تعمیری کاموں میں سمنٹ 150 تھیلے، ریتی 40 میٹرک ٹن نیز مزدوری وغیرہ کیلئے سرمایہ کی ضرورت ہے۔ 6305143170 پر رابطہ کریں۔

ماہانہ محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) ماہانہ محفل نعت پاکؐ 18/ذی الحجہ مطابق 25/جون بروز منگل کو بعد عشاء روشن منزل علی نگر بیرون علی آباد میں مقرر ہے۔ داعی محفل جناب محمد عباس نقشبندی نے نعت خواں حضرات واہل ذوق اصحاب سے شرکت کی اپیل کی ہے۔

جشن پیرؒ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) ماہانہ جشن پیر 25/ جون کو بعد نماز عشاء قیام گاہ پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل واقع نزد چھوٹی مسجد مراد نگر میں مقرر ہے۔ جس میں محفل سماع ہوگی۔ پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل نگرانی کریں گے۔ مزید معلومات 9391099225 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

563واں عرس گھوڑواڑی شریف

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) 563واں عرس حضرت سید اسماعیل شاہ قادریؒ واقع گھوڑواڑی شریف تعلقہ ہمنا آباد ضلع بیدر شریف میں 6 اور 7/جولائی کو مقرر ہے۔ عرس کی تیاریاں جاری ہیں خادم درگاہ شریف جناب محمد خلیل احمد ایڈوکیٹ نے بتایا کہ 6/جولائی بروز ہفتہ کو صندل شریف 7/جولائی بروز اتوار کو چراغاں وجلسہ فیضان اولیاء، محفل سماع ہوگی۔ مزید معلومات 9448000662 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

سالانہ فاتحہ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) پیراماونٹ کالونی ٹولی چوکی خطیب صاحب کے مکان پر 19/ذی الحجہ بروز جمعرات مفسر قرآن حافظ الحدیث افضل العلماء حضرت مولانا حافظ و قاری خطیب سید محمد عبدالقدیر صاحب نقشبندی علیہ الرحمہ سالانہ فاتحہ وعرس شریف مقرر ہے۔ بعد نماز عصر فاتحہ خوانی و چادر گل نگرانی حضرت مولانا مفتی ڈاکٹر صوفی سید شاہ محمد عبدالمستجب قادری نقشبندی کامل الفقہ جامعہ نظامیہ خطیب مسجد حسینی کریں گے۔ مریدین ومعتقدین شرکت فرمائیں۔

ہفتہ واری دینی اجتماع

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) جامع مسجد محی الدین النساء ملک پیٹ میں ہفتہ واری دینی اجتماع بروز چہارشنبہ بعد نماز عشاء مقرر ہے۔ مولانا حافظ غلام خواجہ سیف اللہ سلمان سہروری کامل حدیث جامعہ نظامیہ کا خطاب ہوگا۔

انجمن سیف الاسلام کا

چوتھا جلسہ شہادت سیدنا عثمان غنیؓ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مرکزی انجمن سیف الاسلام سالانہ جلسہ ہائے شہادت سیدنا عثمان غنی ذوالنورینؓ کے ضمن میں جامع مسجد سالار جنگ (حسنین کریمین) کاماٹی پورہ نزد کمیلہ زیرنگرانی حضرت انیس ملت مقرر ہے۔ یہ چوتھا اجلاس 28/جون بروز جمعہ بعد نماز عصر ہوگی۔ مولانا حافظ عبدالقدیر نقشبندی کامل نظامیہ کا بیان ہوگا۔ جناب الحاج محمد جہانگیر قادری صدر کمیٹی مسجد کے بموجب 19/ذی الحجہ بروز چہارشنبہ بعد عشاء محفل نعت ومنقبت مقرر ہے ان دونوں اجلاس میں شرکت کی اپیل کی گئی ہے۔

حفاظ اور معلّمہ سے اپیل

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مدرسہ تعلیم القرآن، کنچن باغ کے زیراہتمام چلائے جانے والے صباحیہ ومسائیہ مکاتب کیساتھ قرآن الکریم پڑھانے اور دیگر ضروریات دینی سکھانے کیلئے بہت سارے حفاظ وعلمائے کرام کی سخت ضرورت ہے۔ اپنی اسلامی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے کم ازکم دو گھنٹے فی سبیل اللہ قرآن کی خدمت انجام دینے کیلئے آگے بڑھنے کی ضرورت ہے۔ چونکہ مسلم معاشرہ میں بہت زیادہ غرباء کی تعداد ہے جو سلم مقامات اور غریب علاقوں میں جھونپڑیوں میں گذربسر کرنے پر مجبور ہیں ان معصوم بچوں اور بچیوں کو سچا اور پکا مسلمان بنانے اور باطل سازشوں سے بچانے کی ہم سب پر ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ لہذا جب اللہ تعالیٰ نے ہمیں حافظ وعالم بنایا ہے تو اس عظیم نعمت کے شکرانے میں ہم کم ازکم کچھ دیر ہی سہی للہ فی الخدمت کو ضروری سمجھیں اور اپنے مشوروں اور خدمات کے سلسلے میں مدرسہ تعلیم القرآن، کنچن باغ پر تشریف لاکر یا فون 9849215715 پر ربط کریں۔

نوریہ عربیہ اورینٹل ہائی اسکول

بنڈلہ گوڑہ میں داخلوں کا آغاز

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) نوریہ عربیہ اورینٹل ہائی اسکول (اردو میڈیم) نوری مسکن بنڈلہ گوڑہ میں اردو اور انگلش میڈیم میں داخلوں کا آغاز ہو چکا ہے اور مفت داخلے جاری ہیں کوئی ڈونیشن نہیں ہے، کمپیوٹر دینیات، اسلامیات، پر توجہ ہوگی۔ ڈاکٹر سید محمد ناصر الدین جیلانی کی نگرانی میں جاری ہے۔ مزید معلومات 9989940079 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

21/رواں عرس حضرت پروانہ پیرؒ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) 21/رواں دو روزہ عرس حضرت پروانہ پیرؒ حضرت سید اقبال علی شاہ قادریؒ واقع اقبال گلشن مصطفےٰ نگر، فلک نما میں 28/ اور 29/جون کو پورے عقیدت و احترام کیساتھ منایا جائیگا۔ جس کی ابتدائی تیاریوں کا آغاز ہو چکا ہے۔ پروگرام کے مطابق 28/جون کو صندل شریف 29/جون کو چراغاں ہوں گے۔ تقاریب عرس میں گجرات سے عقیدت مندوں کی بڑی تعداد شریک ہوتی ہے پیر سلیم شاہ قادری کے بموجب حضرت پیر سید ابراہیم شاہ قادری خلیل نگرانی کریں گے جب کہ حضرت پیر سید غوث علی شاہ قادری رفیق سجادہ نشین بارگاہ حضرت پیرؒ سرپرستی کریں گے۔ شیخ اسلم شاہ قادری، محمد اکبر علی شاہ قادری نے شرکت کی اپیل کی ہے۔

مدرسہ تعلیم القرآن کنچن باغ کا اظہار تشکر

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) مولانا قاری محمد عبدالمقتدر ناظم مدرسہ تعلیم القرآن کنچن باغ قریب BDL کمپنی نے بہی خواہوں و ہمدردان ملت، اہل خیر اصحاب کا شکریہ ادا کیا، جنہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر چرم قربانی ہر طرح سے مدد کرکے طلبہ مدرسہ تعلیم القرآن کنچن باغ سے اپنی محبت وابستگی کا ثبوت دیا۔ اہل خیر اصحاب سے توقع کی ہے کہ آئندہ بھی مدرسہ ہذا کے ساتھ ایسا ہی تعاون برقرار رہے گا اللہ تعالیٰ سے دعاء ہے کہ مدرسہ کا تعاون کرنے والوں کے کاروبار میں ترقی فرمائیے۔ آمین مدرسہ کے کمیٹی کے ارکان نے اردو روزنامہ راشٹریہ سہارا سے بھی اظہار تشکر کیا ہے۔ تفصیلات کیلئے 9849215715 پر ربط کیجئے۔

مدرسہ فاطمہ للبنات میں دوبارہ تعلیم کا آغاز

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) سید مدنی پاشاہ صوفیانی (بانی و ناظم مدرسہ ہذا) کی اطلاع کے بموجب عید الاضحیٰ کی تعطیلات کے بعد مدرسہ فاطمہ للبنات واقع بی بی کا چشمہ، فلک نما میں آج سے دوبارہ تعلیم کا آغاز ہوگا، سرپرست حضرات کو تاکید کی جاتی ہے کہ وقت مقررہ پر طلباء وطالبات کو پابندی کے ساتھ مدرسہ روانہ فرمائیں تاکہ باضابطہ طور پر تعلیم کا آغاز ہو سکے- اسی کیساتھ جدید داخلوں کا بھی سلسلہ جاری ہے، خواہشمند سرپرست حضرات بالخصوص اہلیان محلّہ سے خواہش کی جاتی ہے کہ جلد از جلد اپنے بچوں کو علم دین سے آراستہ کرنے کیلئے مدرسہ ہذا میں داخلہ کروائیں۔ مزید تفصیلات کیلئے 040-24472811 پر رابطہ کریں۔

میاں پور اور چندانگر میں امتناعی احکام

اراضی پر غیرمجاز قبضہ کے بعد گڑبڑ کے پیش نظر اقدام

حیدرآباد، 23/جون۔(ایس این بی) سائبرآباد پولیس نے میاں پور وچندانگر پولیس اسٹیشن حدود میں آج سے چھ دن کیلئے پانچ یا اس سے زیادہ افراد کے اجتماع پر امتناع کیلئے امتناعی احکام نافذ کردیئے ہیں۔ کمشنر پولیس سائبرآباد کی جانب سے جاری کردہ امتناعی احکام میں بتایا گیا کہ امتناعی احکام موجودہ لا اینڈ آرڈر کی صورتحال کے پیش نظر اور انسانی زندگی وسلامتی کو لاحق خطرہ کو روکنے کیلئے نافذ کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں یہ دنگے فساد کے انسداد اور کسی بھی فرد کو ازروئے قانون ڈیوٹی انجام دینے میں رکاوٹ پیدا کرنے سے روکنے کیلئے نافذ کئے گئے ہیں۔ پولیس نے ساتھ ہی ساتھ ان افراد کے داخلہ پر پابندی عائد کردی ہے جو علاقہ میں نہیں رہتے ہیں یا کام نہیں کرتے ہیں۔ پولیس نے امتناعی احکام کا نفاذ اس لئے عمل میں لایا ہے کیونکہ سینکڑوں افراد کی جانب سے اراضی پر غیرمجاز قبضہ اور جھونپڑیاں ڈالدینے کے بعد گڑبڑ کی اطلاع ملی تھی۔ ہجوم نے پولیس اور ایچ ایم ڈی اے کے عہدیداروں پر سنگباری بھی کی جو ہفتہ کی شام غیرمجاز قبضہ کی برخاستگی کیلئے گئے تھے۔

جی ایچ ایم سی کے صدر دفتر پر آج پرجاوانی پروگرام

حیدرآباد، 23/جون۔(نیوز کلب) پرجاوانی کا 24/جون کو 10:30 بجے تا 11:30 بجے دن جی ایچ ایم سی کے صدر دفتر پر انعقاد عمل میں آئے گا۔ جو لوگ دیرینہ بلدی مسائل کے شکار ہیں براہ راست عہدیداروں سے ملاقات کیلئے آسکتے ہیں اور اپنی شکایات کا اندراج کراسکتے ہیں۔ جو افراد سفر نہیں کرسکتے 040-23222182 پر فون کال کرسکتے ہیں اور کارپوریشن کے اعلیٰ عہدیداروں سے بات کرسکتے ہیں۔ جی ایچ ایم سی کے زونل اور سرکل آفسیس پر بھی شکایات اصول کی جائیں گی۔ پرجاوانی عوامی شکایات کی یکسوئی کا پروگرام ہے۔

حالت نشہ میں ڈرائیونگ

سائبرآباد میں 385 افراد زیرحراست

حیدرآباد، 23/جون۔(نیوز کلب) سائبرآباد ٹریفک پولیس نے ہفتہ کے دن حالت نشہ میں ڈرائیونگ کی چیکنگ کے دوران بحیثیت مجموعی 385 موٹرنشینوں کو پکڑلیا۔ پولیس کی جانب سے 292 بائیکس، 11 آٹو رکشاوں، 80 موٹر کاروں اور 2 ہیوی وہیکلس کے ڈرائیورس کو زیرحراست لے لیا گیا۔ سب سے زیادہ اور 182 موٹرنشینوں کو آئی ٹی راہداری میں پکڑا گیا جن کو پکڑا گیا انہیں عدالت میں پیش کیا جارہا ہے۔

ورزش کے ذریعہ بیمایوں کا علاج

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) اعظم فنکشن ہال مغلپورہ میں صبح 6:30 بجے تا 8/ بجے زیرنگرانی ماہر جسمانی ورزش جناب محمد ابراہیم جیلانی مختلف بیماریوں، موٹاپا، شوگر جوڑوں کا درد، کمر درد، گردن درد، تھائیرائیڈ، ذہنی دباؤ، قبض وغیرہ کو دور کرنے کے لئے احتیاطی تدابیر کے طور پر ورزش کروائی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کے لئے فون: 9963142863 پر حاصل کرسکتے ہیں۔ مرد حضرات بالخصوص نوجوانوں سے استفادہ کی خواہش کی گئی ہے۔

حج کی روح اور نورانیت کو پانا ہے تو حضورؐ کے روضہ کی حاضری لازم

بزمِ طلبائے قدیم ومحبانِ جامعہ نظامیہ جدّہ کا اکتیسویں جلسہ استقبالِ حجاجِ کرام سے علماء کرام کے خطاب

جدّہ۔ سعودی عرب، 23/جون۔(بذریعہ ای میل) حج بیت اللہ کے موقع پر بغیر کسی کوتاہی کے حضورؐ کے دربار میں حاضری لازم ہے' کوئی حاجی اگر جان بوجھ کر حاضری نہیں دیتا اور اور اپنے وطن کی طرف لوٹ جاتا ہے تو حضور نبی کریمؐ کی حدیثِ پاک کے تحت وہ حضور کو

تکلیف دیتا ہے۔ حج کی روح اور اُسکی نورانیت کو پانا ہے تو حضورؐ کے روضہ کی حاضری بھی لازم ہے اور یہ حاضری کسی اور مقصد سے نہیں خالص حضورؐ کے دربار میں حاضری کے مقصد سے ہی ہونی چاہیئے۔ نجم المحدثین حضرت مولانا سید صغیر احمد نقشبندی شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ نے بزمِ طلبائے قدیم ومحبانِ جامعہ نظامیہ جدّہ کی جانب سے دربار ہال شاداب رسٹورینٹ حی العزیزیہ جدّہ میں کل شام منعقدہ اکتیسویں جلسہ استقبالِ حُجّاج کرام کے موقع پر صدارتی خطاب کیا۔ مولانا حافظ محمد عبدالسلام نقشبندی سرپرست بزم طلبائے قدیم ومحبانِ جامعہ نظامیہ جدّہ اور مولانا حافظ محمد نظام الدین غوری صوفی قادری صدرِ بزم نے اس جلسہ کی نگرانی کی۔ مولانا حافظ سید احمد غوری نقشبندی نائب مفتی جامعہ نظامیہ' مولانا سید اکرام اللہ بخاری امام وخطیب شاہی جامع مسجد بُرہان پور' مولانا محمد ایوب اشرفی نظامی بانی وناظم جامعہ اشرفیہ حُسامیہ پونہ' حضرت مولانا غلام دستگیر قریشی اشرفی' مولانا سید محمد سراج الدین کامل جامعہ نظامیہ واستاذ گورنمنٹ اسکول کشن باغ نے بحیثیت مہمانانِ خصوصی اور مولانا سید شاہ عبدالرحمٰن حسن قادری خلیفۂ حضرت صدر الشیوخؒ' مولانا محمد اسماعیل قادری کامل جامعہ نظامیہ' مولانا محمد یوسف نظامی قادری کامل جامعہ نظامیہ' مولانا شیخ عبدالرحمٰن باوزیر کامل جامعہ نظامیہ' مولانا ڈاکٹر عبدالمنیر نظامی کامل جامعہ نظامیہ' مولانا صادق حسین نظامی کامل جامعہ نظامیہ' مولانا حسن مُلا نظامی' مولانا عفّان حضرمی کامل جامعہ نظامیہ' مولانا عبداللہ صدیقی قادری ملتانی فاضل جامعہ نظامیہ' مولوی سید شاہ شہاب الدین مظہر قادری چشتی نظامی' مولانا سید ذکوان احمد نقشبندی عالم جامعہ نظامیہ' مولانا یاسین اشرفی' مولانا غلام مجتبیٰ اشرفی اور حافظ عبدالسلیم رائچور نے بحیثیت مہمانانِ اعزازی شرکت کی۔ دیگر بیرونی ومقامی حُجّاج کرام جناب عبدالقیوم' انجینئر محمد عبدالفہیم' انجینئر محمد عبدالمتقیم' جناب محمد شاہنواز خان' جناب محمد ریّان خان' جناب سید احمد الدین نقشبندی' جناب محمد عمر مسعود صابری' جناب محمد مختار سعد صابری' جناب محمد عبدالعلی شعیب صابری' جناب محمد عبدالرحیم نقشبندی' محمد عاصم ادریس صابری' جناب محمد غلمان رضا' جناب محمد مُبین احمد جناب' محمد افسر' جناب نصرت علی خان' جناب سید وسیع الدین اور جناب سید عبدالقادر بھی شریکِ جلسہ رہے۔ مولانا شیخ عبدالرحمٰن باوزیر نے قرأتِ کلام مجید پیش کی۔ مولانا یوسف نظامی' مولانا یٰسین اشرفی اور مولانا سید حسن قادری نے نعتِ پاک پیش کرنے کی سعادت حاصل کی۔ جناب اعجاز احمد خان صدر استقبالِ حُجّاج کمیٹی بزم طلبائے قدیم ومحبانِ جامعہ نظامیہ نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا۔ جناب محمد عاصم الدین انصاری رضی پاشاہ نائب صدر استقبالِ حُجّاج کمیٹی' جناب سرفراز سراج محمد خان (دمّام) اور جناب سید احتشام علی معتمدین استقبالِ حُجّاج کمیٹی نے مہمانوں کا استقبال کیا۔

میدک واقعہ کے خاطیوں کیخلاف سخت کاروائی کی جائے

بے قصوروں کی رہائی کا مطالبہ، اے پی سی آر فیاکٹ فائنڈنگ ٹیم کا دورہ

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) شہری حقوق کے تحفظ کی تنظیم اسوسی ایشن فار پروٹیکشن آف سیول رائٹس تلنگانہ چیاپٹر (اے پی سی آر) کی فیاکٹ فائنڈنگ ٹیم نے میدک کے متاثرہ مقامات کا دورہ کرتے ہوئے حالات سے آگاہی حاصل کی۔ وفد نے وہاں متاثرین سے ملاقات کی اور واقعات کی جانکاری لی۔ اے پی سی آر کے ذمہ داروں نے بتایا کہ عیدالاضحیٰ کے موقعہ پر حالات خراب کرنے کا شرپسندوں کا منصوبہ مسلمانوں کے صبروتحمل کی وجہ سے ناکام ہوا ہے۔ لیکن عید سے قبل جو کچھ ہوا یہ منصوبہ بند سازش کا حصہ تھا اور اس واقعہ میں کئی بے قصور افراد زخمی ہوئے ہیں اور مسلمانوں کی املاک کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وفد نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ میدک قصبہ کے ایک دینی مدرسہ میں بیلو ں کو چروایا جارہا تھا کہ ہفتہ کی صبح دس بجے کے قریب بی جے پی اور بی جے وائی ایم کے کچھ کارکن مدرسہ کے قریب جمع ہوئے اور بیلوں کے ذبیحہ کے خلاف دھرنا دینا شروع کردیا اور جے ایس آر کے نعرے لگانے لگے۔ مدرسہ کے عہدیداروں نے اس بات کی اطلاع پولیس کو دی اور پولیس جلد ہی یہاں پہنچی۔ اس دوران دوپہر دو بجے تک مزید افراد یہاں جمع ہوئے اور مطالبہ کیا کہ بیلوں کو گوشالہ بھیج دیا جائے۔ ڈی ایس پی دوپہر ایک بجے کے قریب جائے وقوعہ پر پہنچے اور انہوں نے مشورہ دیا کہ بیلوں کو قریبی ویٹرنری دواخانہ منتقل کیا جائے اور جانچ کے بعد قربانی کے لئے سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے۔ انہوں نے یقین دلایا کہ اگلے دن صبح بیلوں کو حوالے کردیا جائے گا لیکن اتوار کی شام تک جانوروں کو مدرسہ والوں کو واپس نہیں کیا گیا۔ اسی دوران مسلمانوں کا ایک گروپ شکایت درج کرانے پولیس اسٹیشن جارہا تھا کہ شرپسند ہجوم نے مسلمانوں پر لاٹھیوں اور پتھروں سے حملہ کیا جس میں کئی بے قصور مسلمان شدید زخمی ہوگئے۔ اسکے علاوہ بی جے پی اور بی جے وائی ایم کے کارکنوں نے میدک ٹاؤن میں مسلمانوں اور ان کی املاک پر حملہ کرکے سات مسلم نوجوانوں کو زخمی کردیا۔ پرتشدد ہجوم نے آرتھوپیڈک اسپتال میدک کے غیرمسلم ڈاکٹر نوین پر بھی حملہ کیا اور ان کے اسپتال میں اس وقت توڑ پھوڑ کی گئی جب وہ انسانی بنیادوں پر ایک زخمی مسلم شخص کا علاج کررہے تھے۔ انسپکٹر جنرل میدک نے کہا کہ یہ ہندو گروپ کے لوگ تھے ایسے فرقہ پرست عناصر کیخلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ لیکن طرف تماشہ یہ کہ اب کئی بے قصور مسلم نوجوانوں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے۔ اے پی سی آر نے حکومت، انتظامیہ اور عدلیہ سے مطالبہ کیا کہ میدک فرقہ وارانہ واقعہ کے خاطیوں کیخلاف سخت کاروائی کی جائے اور بے قصور مسلم نوجوانوں کو فوری رہا کیا جائے۔ وفد میں اے آر جنید، محمد محسن، محمد فاضل احمد اور دیگر شامل تھے۔

امداد الفقراء ٹرسٹ شاہین نگر کے زیراہتمام مشن اسکول کا آغاز

تعلیمی ذہانت کے حامل مستحق بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا مقصد۔ مفتی عمر عابدین کا خطاب

حیدرآباد، 23/جون۔(راست) امداد الفقراء ٹرسٹ بسم اللہ کالونی، وینکٹا پور شاہین نگر کی جانب سے آئی ایف ٹی مشن اسکول جو ایل کے جی سے پانچویں جماعت تک کی تعلیم جس میں ریسیڈنشیل کی سہولت بھی مہیا کی گئی ہے کیلئے نئے تعمیر شدہ عمارت کا افتتاح بدست مفتی عمر عابدین صدر مسلم پرسنل لا بورڈ خالد سیف اللہ رحمانی کے فرزند نے کیا۔ اس اسکول کا مقصد ان کی مدد کرنا جو شدید ضرورت مند ہیں جن کے والدین غریب ہیں وہ اپنے بچوں کو اسکول میں تعلیم حاصل نہیں کرواسکتے۔ فی الحال پروجیکٹ پر کام کر رہے ہیں جس میں آئی ایف ٹی جنرل چیریٹی ورک IFT رمضان پروجیکٹس IFT لیڈیز سلائی سنٹر IFT اکیڈمک سینٹر لڑکیوں کے لیے IFT ہوم (یتیم خانہ/یتیم خانہ) IFT برج سکول IFT Charable IFT کلینک IFT مشن ہائی سکول' بنات الفردوس اسکول' آئی ایف ٹی تعلیمی مرکز' آئی ایف ٹی لیڈیز اسٹچنگ مرکز' آئی ایف ٹی ہوم گرلز' آئی ایف ٹی فٹنس ایجوکشن' آئی ایف ٹی کلنک سنٹر شامل ہیں۔ اس موقع پر مفتی عمر عابدین نے خطاب کرتے ہوئے سب سے پہلے ان ذمہ داروں اور اساتذہ اور خاص طور پر محترمہ عظمت النساء بیگم کو مبارکباد دی جنھوں نے اپنی محنت اور جستجو سے اتنے تعلیمی اداروں اور مراکز کو کامیابی سے چلارہے ہیں انھوں نے کہا کہ تعلیمی کی اسلام میں بہت بڑی اہمیت ہے' تعلیم ایک ایسا ہتھیار ہے جس سے دنیا کو بدلا جاسکتا ہے دنیا میں انقلاب لایا جاسکتا ہے۔ اس کے علاوہ اپنی زندگیوں میں دین کے مطابق چلاسکتے ہیں تعلیم ہی ہے جو انسان کو انسان بناتی ہے انھوں نے کہا کہ حضورؐ نے سب سے پہلے تعلیم اور دین کی جانب سے عوام کو راغب کیا چنانچہ حضورؐ نے تعلیم پر توجہ دینے کیلئے مدینہ منورہ میں سب سے پہلے مدرسہ قائم کیا۔ انھوں نے طلباء کے ذمہ داروں کو مشورہ دیا کہ وہ اپنے بچوں کو دین کی تعلیم کیساتھ ساتھ دنیا کی تعلیم سے آراستہ کریں۔ انھوں نے کہا کہ ایجوکیشن چار ستونوں پر قائم ہے اسٹوڈنٹ' پیرانٹ' ٹیچرس اور مینجمنٹ ان چاروں

میں تال میل سے طلباء کا مستقبل سنوارتا ہے وہ دنیا میں اپنا نام روشن کرسکتا ہے۔ ان چاروں ستونوں کے اشتراک سے اپنے بچوں کو انسان بناسکتے ہیں۔ محترمہ افسر جہاں ایڈوکیٹ نے کہا کہ تعلیم کا مقصد انسان کو انسان بنانا ہے۔ ماڈرن ایجوکیشن کے نام پر طلباء کو دین سے علحدہ نہیں کرنا چاہیئے اسلام کے خلاف کام نہ کریں۔ دین کی تعلیم کے ساتھ دنیا کی تعلیم فراہم کرنا والدین کی ذمہ داری ہے۔ محترمہ عظمت النساء بیگم نے آئی ایف ٹی مشن اسکول کی تفصیلات سے میڈیا کو واقف کرواتے ہوئے کہا کہ غیر اور نادر بچے جو اسکول کو جاتے نہیں ہے جن کے والدین کی معاشی حالت کمزور ہے ایسے بچوں اس اسکول میں تعلیم کیساتھ ساتھ رہنے کی مفت سہولت فراہم کی جاتی ہے۔ اس اسکول میں ایکٹیوٹی روم' کمپیوٹر کلاس لائبریری' عربی کلاسس کی سہولت ہے۔ اس موقع عبدالواصف (جنرل سیکرٹری، فاطمہ اولڈ ایج ہوم) افسر جہاں ایڈوکیٹ ریاست تلنگانہ وای جی پی انڈسٹریز اینڈ مائنز ہائی کورٹ آف تلنگانہ 'سید یچی' ایریا کونسلر اور دیگر موجود تھے۔